تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے والد اکرام اللہ خان نیازی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

میں اور ایم کیو ایم کے تمام کارکنان دکھ اور غم کی اس گھڑی میں عمران خان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔ 19 مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان سے ان کے والد اکرام اللہ خان نیازی کے انتقال پر دلی تعزیت اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں اور متحدہ قومی موومنٹ کے تمام کارکنان دکھ اور غم کی اس گھڑی میں عمران خان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اکرام اللہ خان نیازی مرحوم کی مغفرت فرمائے ،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور عمران خان اوران کے تمام سوگوار اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے۔

ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق کی والدہ محترمہ عائشہ بیگم انتقال کر گئیں، رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔19 مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق کی والدہ محترمہ عائشہ بیگم آج صبح علالت کے باعث انتقال کر گئیں (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ کی عمر 75 سال تھی۔مرحومہ پر منگل کی شب فالج کا حملہ ہوا تھا جنہیں فوری طور پر ضیا الدین اسپتال لیجایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے ان کی جان بچانے کی حتی الامکان کوشش کی لیکن وہ جانبر نہ ہوسکی اور وہ بدھ کی دوپہر اپنے خالق حقیقی سے جاملیں۔مرحومہ نے سوگواران میں ایک صاحبزادی اور سات صاحبزادے چھوڑے ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق کی والدہ محترمہ عائشہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے محمد اشفاق سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق کی والدہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔19 مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق سے ٹیلی فون پر ان کی والدہ محترمہ عائشہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔جناب الطاف حسین نے محمد اشفاق سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے کہا کہ ماں کے بچھڑنے کا غم آخری سانس تک نہیں بھلایا جاسکتا اور دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محترمہ عائشہ بیگم مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور انہیں کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔آمین

ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ اور یوکے یونٹ کا محمد اشفاق کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

لندن۔۔19 مارچ 2008ء

ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے اراکین نے رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق کی والدہ محترمہ عائشہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے اراکین نے محمد اشفاق سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔دریں اثناء ایم کیو ایم یوکے یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش و آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان وکارکنان نے بھی محمد اشفاق کی والدہ محترمہ عائشہ بیگم کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆